http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کو 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

REG # 12(2411)/22

چیف ایڈیٹر عبدالسلام منصور

جلد : 24 | 24 جمادی الاول 1448ھ بمطابق 05 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 131

وزیراعظم کی پیٹرول پر ریلیف نہ دینے والے پمپس کے خلاف کارروائی کی ہدایت

حکومت کا انسدادِ دہشت گردی کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

کے پی میں پہلی، دوسری اور تیسری ترجیح سکیورٹی ہے، خیبر پختونخوا کے لیے 160 ارب روپے کے پیکج کو حتمی شکل دیدی ہے، وہاں نئی حکومت کے تعاون سے دہشت گردی کا سر کچل دیا جائے گا، گنڈاپور

اسلام آباد (یورو رپورٹ) حکومت نے انسدادِ دہشت گردی کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کرلیا، رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت قومی اور داخلی سلامتی سے متعلق اجلاس ہوا جہاں گورنر خیبر پختونخوا ایمل کنڈی نے مختلف شعبوں میں اب تک کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں امن و امان کی صورت حال کا جائزہ لیا گیا، ذرائع کے مطابق آپریشنز کی اب تک کی کارکردگی بھی زیرِ غور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

وفاقی کابینہ کی کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کی منظوری 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کروایا جائیگا

اسلام آباد (یورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کی منظوری دے دی، وزیر اعظم ہاؤس سے جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

منی پور میں بی جے پی حکومت کے خلاف بھارتی عوام سراپا احتجاج

خونریزی جاری

نئی دہلی، امپھال (نیٹرنگ ڈیسک) منی پور میں نسلی فسادات اور خونریزی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں تازہ جھڑپوں میں مزید 5 افراد ہلاک ہوگئے، جبکہ بی جے پی حکومت کے خلاف بھارتی عوام سراپا احتجاج ہیں۔ مودی حکومت کی سخت مخالف اور ناکام پالیسیوں کے باعث منی پور میں 3 سال بعد بھی نسلی فسادات جاری ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق منی پور میں جاری نسلی فسادات کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

خیبر، جمرود کے علاقے چپڑی سے پولیو ٹیم کا سپروائزر اغوا

پکی مروت پولیس کا کامیاب آپریشن

خودکش بمبار سمیت 2 خوارج ہلاک

ایک زخمی ساتھی فرار، دہشت گردوں کی گاڑی سے اسلحہ، تحریک طالبان کا جھنڈا، خواتین کے برقعے اور دیگر مشکوک اشیاء برآمد، ایک دہشت گرد زخمی حالت میں فرار ہوگیا جس کی تلاش میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا، پولیس کی بروقت کارروائی نے دہشت گردوں کے مبینہ مذموم عزائم کو ناکام بنادیے، آئی جی خیبر پختونخوا

کچی مروت، جمرود (رپورٹ) کچی مروت میں گنڈی چوک پر پولیس نے دہشت گردوں کے مطابق مشکوک موٹر کار میں سوار دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی، جس پر پولیس اہلکاروں نے جوابی فائرنگ کی، تصادم کے دوران ایک دہشت گرد مارا گیا جبکہ ایک زخمی ساتھی فرار ہوگیا، کارروائی کے بعد دہشت گردوں کی گاڑی سے اسلحہ، تحریک طالبان کا جھنڈا، خواتین کے برقعے اور دیگر مشکوک اشیاء برآمد کی گئیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گرد مذموم عزائم کو ناکام بنادیے، آئی جی خیبر پختونخوا کی ہدایت پر پولیس نے دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی۔ خلاف ورزی کرتے ہوئے خودکش بمبار سمیت 2 خوارج کو ہلاک کردیا۔ پولیس حکام کے



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ماسٹر کارڈ کے ڈائریکٹر وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں



اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

غزہ اور ایران جنگ کے بڑی وجہ جیم چینج کے شوقین ٹرمپ کی سیاست عبرتناک انجام

دانش بازو و نو امریکا پر حملے کو کاپی نہیں دیں گے (اگر میں امیدوار ہوتا تو میری جماعت کو زبردست فتح ملتی)

بیرونی محاذوں پر طاقت کا مظاہرہ کرنے والے ٹرمپ کو اب اندرون ملک سیاسی مزاحمت کا سامنا ہے، امریکا 2026 کے اختتام پر اسرائیل کو چار ارب ڈالر کی فوجی امداد بند کردے گا

ایران کیخلاف جنگ اور بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ٹرمپ کی جماعت ریپبلکن کی انتخابی شکست میں اہم کردار ادا کیا، ایران جنگ کے باعث ان کی جماعت کو نقصان پہنچا، ٹرمپ کا اعتراف

واشنگٹن (نیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جو دوسرے ممالک میں حکومتیں تبدیل کرنے کے خواہاں رہے ہیں ان کے اپنے اقتدار کی مخملی میں بڑے بڑے سوراخ ہوگئے جس سے یہ ڈوبتی ہوئی ڈوب سکتی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق امریکی انتخابات میں ایوان نیشنل جماعت ڈیموکریٹک پارٹی نے کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی جسے ٹرمپ انتظامیہ کی کارکردگی کے خلاف ریفرنڈم قرار دیا جارہا ہے۔ ٹرمپ کی جماعت ریپبلکن کو سینیٹ میں 7 اور ایوان نمائندگان میں 25 نشستوں میں شکست فاش ہوئی کہ وہ ہیں جس کے بعد اس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)



سندھ میں گنے کی فی من قیمت بڑھانے کا مطالبہ کرشنگ شروع نہ کرنے پر اسلام آباد مارچ کی دھمکی

حکومت کی جانب سے تاحال گنے کی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا اور نہ ہی کرشنگ شروع کرنے کی تاریخ کا اعلان کیا گیا، صوبائی حکومت کو 10 دن کی مہلت دے رہے ہیں، سندھ آباد گار اتحاد اور کسان اتحاد کی پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ آباد گار اتحاد اور کسان اتحاد نے حکومت کو گنے کی کرشنگ شروع کرنے اور قیمت مقرر کرنے کے لیے 10 روز کی مہلت دے دی ہے اور مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں کسانوں نے اسلام آباد کی جانب مارچ کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

حکومت نے پیٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرتے ہوئے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 362 روپے مقرر کردی ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی حکومت کے پیٹرولیم مصنوعات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

قومی سلامتی کو خطرہ پہنچانے والوں کو سخت جواب دیا جائے گا، سعودی کابینہ

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی کابینہ نے واضح کیا ہے کہ مملکت کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سلامتی کو نقصان پہنچانے یا شہریوں اور مقیم غیر ملکیوں کے تحفظ کو خطرے میں ڈالنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

سعودی عرب کے ساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہوچکا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

اسلام آباد (یورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہوچکا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی عرب کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

عمران خان کا بلڈ پریشر 192 تک جا پہنچا، حالت تشویشناک

عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس سے متعلق اپیلوں میں اہم پیش رفت

سلمان اکرم راجہ کا انکشاف

اسلام آباد (یورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے بتایا ان کا بلڈ پریشر 192 تک گیا، جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعظم سے جیل میں ملاقات پچھلے چند دنوں میں اور پرکاہلہ بلڈ پریشر 192 تک گیا، عمران خان نے بتایا ان کا بلڈ پریشر 192 تک گیا، جو انتہائی تشویشناک بات ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے سابق رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان کی بگڑتی ہوئی صحت پر سنجیدہ اقدامات کرنے چاہئیں، کیونکہ عمران خان کے بلڈ پریشر میں اتار چڑھاؤ انتہائی تشویش کا باعث ہے اور اس حوالے سے تمام دوستوں اور اندیشوں کا خاتمہ ہونا چاہیے، سیکریٹری جنرل پی ٹی آئی کے بعد بطور پارٹی انچیف عمران خان اور بشریٰ بی بی کی صحت کے حوالے سے سنجیدہ اقدامات کرنے چاہئیں، کیونکہ عمران خان کے بلڈ پریشر میں اتار چڑھاؤ انتہائی تشویش کا باعث ہے اور اس حوالے سے تمام دوستوں اور اندیشوں کا خاتمہ ہونا چاہیے۔



کوٹ لکھپت جیل میں شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز، چہل قدمی کے دوران گر پڑے

لاہور (یورو رپورٹ) کوٹ لکھپت جیل میں قید پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ ان کے وکیل بیرسٹر محمود ملک کے مطابق شاہ محمود قریشی اڈیالہ جیل میں چہل قدمی کرتے رہے تھے کہ اچانک چکر آنے سے گر پڑے۔ وکیل کے مطابق گرنے سے شاہ محمود قریشی کے گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئی ہیں۔ جیل حکام نے ان کے خون کے نمونے لے کر شوکت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

چوہدری سالک کا کرپشن پر بیان مستقبل کے کسی سیاسی ایجنڈے کا حصہ تو نہیں جس کا آتا ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (یورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے اتحادی جماعت پاکستان مسلم لیگ ق کی رہنما اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں کرپشن کے حوالے سے عائد کیے الزامات پر ردعمل میں کہا ہے کہ ان کا بیان میری سیاسی سمجھ سے باہر ہے (باقی صفحہ نمبر 13 بقیہ)

افغانستان میں طالبان مخالف مسلح گروہوں کی کارروائیاں تیز

نیشنل انٹرسپینڈنس فرنٹ اور افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا بدخشاں، قندھار اور سرِ پل میں حملوں کا دعویٰ

افغانستان میں طالبان حکومت مخالف مسلح گروہوں کی سرگرمیوں میں اضافے کے دعوے سامنے آنے لگے ہیں، جہاں مختلف مزاحمتی تنظیموں نے ملک کے متعدد صوبوں میں طالبان اہلکاروں، سیکیورٹی چوکیوں اور اعلیٰ حکام کے قافلوں کو نشانہ بنانے کی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کی ہیں۔ افغانستان کے دو طالبان مخالف گروہوں، نیشنل انٹرسپینڈنس فرنٹ اور افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے بدخشاں، قندھار اور سرِ پل میں مبینہ مسلح کارروائیوں کا دعویٰ کیا ہے۔ ان دعوؤں کے مطابق کارروائیوں میں طالبان اہلکاروں کو جانی نقصان پہنچا، جبکہ بعض مقامات پر اسلحہ قبضے میں لینے اور ایک سیکیورٹی چوکی پر کنٹرول حاصل کرنے کا بھی دعویٰ کیا گیا ہے۔

نیشنل انٹرسپینڈنس فرنٹ کے مطابق صوبہ بدخشاں میں طالبان کی وزارتِ معدنیات کے نائب وزیر عبدالتین سعید کے قافلے کو اگست حملے کا نشانہ بنایا گیا، اور گروپ کا دعویٰ ہے کہ اس حملے میں نائب وزیر کے 6 محافظ ہلاک جبکہ 5 زخمی ہوگئے۔ تاہم فراہم کردہ اطلاعات میں نائب وزیر کی موجودگی یا ان کی حالت کے حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

دوسری جانب افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے صوبہ قندھار کے ضلع ارغنداب میں طالبان کی ایک سیکیورٹی چیک پوسٹ پر مسلح حملے کا دعویٰ کیا ہے، اور گروپ کے مطابق کارروائی میں ایک طالبان اہلکار ہلاک ہوا جبکہ بھاری مقدار میں اسلحہ بھی قبضے میں لیا گیا۔ گروپ نے قندھار ہی کے ضلع الپور میں ایک اور کارروائی کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ طالبان کی ایک چوکی پر مسلح حملے کے بعد شدید جھڑپ ہوئی، جس کے نتیجے میں مزاحمتی جنگجوؤں نے چوکی پر قبضہ کرلیا، اور اس کارروائی میں ایک طالبان اہلکار کی ہلاکت اور 3 کے زخمی ہونے کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے۔

طالبان مخالف گروہوں کی جانب سے سامنے آنے والے ان دعوؤں نے افغانستان میں سیکیورٹی صورت حال اور مختلف علاقوں میں مسلح مزاحمت کی سرگرمیوں کو ایک بار پھر توجہ کا مرکز بنا دیا ہے، خصوصاً اعلیٰ حکام کے قافلوں اور سیکیورٹی تنصیبات کو نشانہ بنانے کے دعوے ملک میں سیکیورٹی انتظامات سے متعلق اہم سوالات اٹھاتے ہیں۔ تاہم ان کارروائیوں میں جانی نقصان، اسلحے کی ضبطگی اور چوکیوں پر قبضے سے متعلق تفصیلات کی آزاد ذرائع سے تصدیق ضروری ہے، اور تاحال فراہم کردہ رپورٹس میں طالبان حکومت کا ان واقعات پر باضابطہ مؤقف شامل نہیں ہے۔

ایک ریٹائرڈ جج آئین اور قانون کے خلاف موقف پیش کررہا ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (یورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کے ایک غیر عملی فی میل کو مسترد کردیے جانے کا اعلان کیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

غیر قانونی بھرتیاں، مولانا فضل الرحمن کے بیٹے کے گرد گھیرا تنگ، نیب اور ایف آئی اے متحرک

ذیرو اسماعیل خان (یورو رپورٹ) مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے گرد غیر قانونی بھرتیوں کا معاملہ گھمبیر ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں نیب اور ایف آئی اے کے باضابطہ ٹوم بھی سامنے آگئے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو پاکستان پوسٹ آفس میں (باقی صفحہ نمبر 11 بقیہ)

کمیونٹی پولیسنگ کے بغیر مؤثر پولیسنگ ممکن نہیں، آئی جی سندھ

کراچی (رپورٹ عامر سرمار) انسپکٹر جنرل پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں عوام کے تعاون کے بغیر مؤثر پولیسنگ کا تصور ممکن نہیں، کمیونٹی پولیسنگ کا کلیدی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

وفاقی وزیر صحت کا اسلام آباد کے شہریوں کے لئے ہیلتھ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح

عوام کی خدمت بڑی ذمہ داری ہے کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، مصطفیٰ کمال

اب دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی صرف ایک فون کال کے ذریعے اپنی شکایات متعلقہ حکام تک پہنچا سکیں گے، کیئر 1166 کیئر 1166

پر کام کرنے والے عملے کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کیئر 1166 پر کام کرنے والے عملے کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ایڈیشنل آئی جی کراچی کی جامع حکمت عملی مرتب کرنے اور کارروائیوں کو مزید تیز کرنے کی ہدایت

کراچی (رپورٹ باہدن انصاری) پریس آئی جی کراچی آزاد خان کی زیر صدارت کراچی پولیس آفس میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی ایسٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

بھینس کالونی کے کلینک میں مبینہ غلط انجکشن لگنے سے خاتون جاں بحق

45 سالہ مجسمے ہوئی کی حالت میں کلینک منتقل کی گئی تھیں، پولیس نے لاش جناح اسپتال منتقل کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے علاقے بھینس کالونی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

یوٹیلٹی اسٹورز کے بچوں کی سیونگ کیلئے 51 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا معاہدہ

سندھ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے کھلا ہے اور حکومت انہیں تمام ضروری سہولتیں فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، ہمارا

مقصد روایتی زراعت سے آگے بڑھ کر اعلیٰ قدر کی حامل زرعی مصنوعات اور خوراک کی پراسیسنگ کو فروغ دینا ہے، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے انٹرنیشنل ٹیلی کام گروپ آف کمپنیز (آئی ایم جی سی) کے وفد سے ملاقات کی، جس میں زراعت، معدنی وسائل، سرمایہ کاری اور زرعی مصنوعات کی پراسیسنگ کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

اسکریپ گودام میں ڈکیتی کرنیوالے گینگ کے 2 کارندے گرفتار

سائٹ پی پولیس نے سیل اور عاطف کو گرفتار کرکے دو پستول، نقدی اور 125 موٹر سائیکل برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائٹ پی پولیس نے واردات میں ملوث پانچ رکنی گینگ کے دو کارندوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

شہر میں پولیس مقابلوں کے دوران مزید 2 ملزمان گرفتار

شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کارروائیوں، گرفتار اور ہلاک ملزمان کے قبضے سے اسلحہ و گولیاں برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے پانچ مبینہ مقابلوں کے دوران مزید 2 مبینہ ملزمان گرفتار کرلیے گئے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

پولیس اور وفاقی سول حساس ادارے کی مشترکہ کارروائی، خطرناک گینگ کے 3 بھتہ خور گرفتار

جمیل چھاپکا گینگ کے 3 بہنوئی خوروں جمشید ولد منظور حسین، محمد وسیم ولد محمد نعیم اور نادر ولد محمد عثمان کو گرفتار کرکے قبضے سے 5 پستول اور گولیاں برآمد کرلیں

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر کا امن تباہ کرنے والے خطرناک گینگ کے 3 بھتہ خور گرفتار کرلیے گئے۔ گینگ ہیڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

شارع فیصل پر تیز رفتار ویگو ڈالے کے باعث اسکول وین سمیت چار گاڑیاں ٹکرا گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کی مصروف شاہراہ شارع فیصل پر فتحاب مل کے قریب تیز رفتار ویگو ڈالے کے مبینہ غفلت کے باعث اسکول وین سمیت چار گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

شہر میں 5 مبینہ مقابلے، موٹر سائیکل لفٹر ہلاک، 1 ملزمان گرفتار

کلیئرنس آپریشن کامیاب، کوٹھیاں کے مقام پر دھرنا ختم

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر کے ضلع باغ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کلیئرنس آپریشن کرتے ہوئے کوٹھیاں کے مقام پر جاری دھرنا ختم کرا دیا، جس کے بعد اہم شاہراہیں کھول دی گئیں۔ کلیئرنس آپریشن کے نتیجے میں ضلع باغ کے تمام مواصلاتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

سندھ پولیس کا کارنامہ، شہری کا شناختی کارڈ نمبر اسکیم کے ہم نام ملزم سے منسوب کردیا

غلط اندراج کی وجہ سے شہری کا شناختی کارڈ بلاک اور نا قابل ضمانت وارنٹ جاری ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پولیس کا کارنامہ، شہری کا شناختی کارڈ نمبر اسکیم کے ہم نام ملزم سے منسوب کردیا، تفصیلات کے مطابق سندھ کا بگورٹ میں شہری کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی سے لاپتہ 2 خواتین کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر ساعت، ایک کی شادی کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں شہر کے مختلف علاقوں سے لاپتا ہونے والی دو خواتین کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے قائم آباد سے لاپتا خاتون نسیبہ کے معاملے پر ڈی آئی جی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

بلوچ کالونی پل کے قریب ٹریلر کی زد میں آکر 42 سالہ شخص جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلوچ کالونی پل کے قریب ٹریلر کی زد میں آ کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا، جس کی شناخت 42 سالہ شاہنواز ولد شیاب فور کے نام سے کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق واقعے کی رپورٹ تھانے کی حدود میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 16 لاکھ 81 ہزار 965 ہوگئی، اکتوبر میں 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد نے تاریخ کی بلند ترین سطح کو چھو لیا ہے، جس کے بعد حصص بازار سے منسلک سرمایہ کاروں کی تعداد میں تاریخی اضافہ دیکھا گیا ہے، جب کہ کاروں کی مجموعی تعداد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

سندھ کی آدھی آبادی غربت کا شکار، سائیں سرکار کیلئے 5 ارب مختص

ڈاکٹر صوبہ بنانے کا مطالبہ زور پکڑ گیا

شہریوں نے نئے صوبوں کے قیام کو مسائل کا حل قرار دیدیا

کراچی ملک کا ایک بڑا معاشی اور تجارتی مرکز ہے، جہاں ملک کے مختلف حصوں سے لوگ روزگار اور بہتر مستقبل کی تلاش میں آتے ہیں، شہری

ہنگامی پیغام رسانی کے لئے ڈیجیٹل سائن بورڈز کو فعال بنایا جائے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد زبیر نہال نے ڈیجیٹل سائن بورڈز کے ذریعے عوام تک فوری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

ایف بی آر نے گھریلو الیکٹرونکس آئٹمز پر ٹیکس اسٹیمپ لازمی قرار دے دیا

ایئر کنڈیشنر، فریج، فریزر، واشنگ مشین، ٹی وی اور اسٹوریج بیٹریاں نئے قواعد میں شامل، ٹیکس اسٹیمپ کے بغیر درآمدی سامان کی کسٹم کلیئرنس نہیں ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

مزدوروں کے حقوق، عزت اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، سعید غنی

کراچی میں ستمبر 2012 کا بلدیہ فیکٹری آتشزدگی کا واقعہ غیر محفوظ حالات کار کے دردناک نتائج کی ایک اور تلخ یاد دہانی تھا، جس نے انتہائی دردناک انداز میں یہ ثابت کیا کہ کام کی جگہ پر تحفظ کو کبھی بھی غیر اہم نہیں سمجھا جاسکتا، صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت و افرادی قوت و ساجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ حکومت سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

کراچی میں کمسن بچی سے زیادتی اور قتل کے ملزم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے کمسن بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کرنے کے مقدمے میں ملزم مرغان کو سزائے موت عدالت کی جانب سے سنائی گئی سزا کے مطابق موت عمر قید میں تبدیل کردی۔ ملزم کے وکیل لیاقت کیول اڈو نے عدالت کے سامنے مؤقف اختیار کیا کہ عدالت کی جانب سے سزا سناتے وقت قانونی تقاضے پورے نہیں کیے گئے، جبکہ گواہوں کے بیانات میں بھی تضادات موجود تھے۔

کورنگی میں 34 سالہ شخص کی گھر سے پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی نمبر 2 کے علاقے میں ایک شخص نے مبینہ طور پر گلے میں پھندا لگا کر خودکشی کرلی۔ متوفی کی لاش گھر سے برآمد ہوئی، جسے ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق، اقدر زمان ناون تھانے حدود کورنگی نمبر 2 سیکٹر 48/A میں منگل اور بدھ کی درمیانی شب پیش آیا، جہاں گھر سے ایک شخص کی لگے ہی پھندا لگی لاش ملی۔

ایف آئی اے کا حوالہ ہنڈی نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 ملزمان گرفتار

جامع کلاتھ مارکیٹ میں کارروائی، ملزمان کے قبضے سے 25 لاکھ روپے نقدی، ڈیجیٹل آلات اور دیگر شواہد برآمد، فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے) کے ایسٹ ویسٹ سرکل نے کراچی میں حوالہ ہنڈی کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

سیل گاڑی گوٹھ میں 6 سالہ بچی کی لاش گھر کے باہر سے برآمد

کھیلتے ہوئے بچی کا دوپٹہ دروازے میں پھنسنے سے گلے میں پھندا لگنے کا والدین کا ابتدائی بیان، پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گیل گاڑی گوٹھ کے علاقے میں گھر کے باہر کھیلنے والی 6 سالہ بچی کی لاش برآمد ہوئی، جسے پولیس نے اسپتال منتقل کردیا۔ والدین کے مطابق بچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

اکتوبر گزشتہ 66 سال کے دوران پاکستان کا چھٹا گرم ترین مہینہ قرار

تربت 44 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت کے ساتھ ملک کا گرم ترین مقام رہا، جبکہ سندھ کا شہر محمڈی 39 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت کیساتھ صوبے کا گرم ترین مقام قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے اکتوبر 2026ء کو گزشتہ 66 سال کے دوران ملک کا چھٹا گرم ترین اکتوبر قرار دے دیا ہے۔ گزشتہ ماہ ملک کا اوسط درجہ حرارت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

آن لائن تعلیم حاصل کرنیوالے 60 فیصد افراد سائبر حملوں کا شکار، 25 فیصد کو مالی نقصان کا سامنا

کیسپرسکی کی تحقیق میں انکشاف، 27 فیصد کو مشکوک پیغامات اور نکس موصول ہوئے، 20 فیصد جعلی ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز کا نشانہ بنے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائبر سیکورٹی کمپنی کیسپرسکی کی ایک حالیہ تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ گزشتہ 12 ماہ کے دوران آن لائن پڑھائی کرنے والے تعلیم حاصل کرنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

کراچی میں گھریلو صارفین کے لیے گیس فراہمی کے اوقات تبدیل

سوئی سدرن گیس کا پائپ لائنوں پر کام جاری، صبح، دوپہر اور شام کے اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر میں گھریلو صارفین کے لیے گیس کی فراہمی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

ہنڈی کے ذریعے 2 ارب روپے بھارت منتقل کرنیوالا گروہ گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے کے انسداد منی لانڈرنگ ونگ نے ہنڈی کے ذریعے 2 ارب روپے بھارت منتقل کرنیوالا گروہ گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت ارشد محمود اور محمد ارشد کے نام سے ہوئی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

جناح الطاف کراچی کو چل کہنے پر تضحیک آمیز طنزیہ ردعمل

پیپلز پارٹی سے نظافت کے باعث بعض لوگ بھول جاتے ہیں کہ تقریباً 20 سال پہلے شہر کے حالات کیسے تھے،

اس دور میں بوری بند لاشیں، ہڑتالوں، بھتہ خوری اور اغوا جیسے مسائل کا سامنا تھا، میئر کراچی کی پریس کانفرنس

کراچی (رپورٹ محمد فیصل) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے اداکارہ حنا الطاف کے شہر کا کچرا نہ اٹھانے کے حوالے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

ون کائنسٹی ٹیوشن ایونیو کا قبضہ حاصل کرلیا، چند ماہ میں فائیو اسٹار ہوٹل بنائینگے، محسن نقوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ون کائنسٹی ٹیوشن ایونیو کا قبضہ حکومت نے حاصل کرلیا ہے، جبکہ وفاقی کابینہ نے اس معاملے سے متعلق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

سندھ حکومت نے نومبر کے لیے گندم کا اجراء کوٹہ مختص کردیا

میر پور خاص ڈویژن کو 12 ہزار 500 میٹرک ٹن گندم فراہم کی جائے گی، چھوٹے کیلئے مجموعی طور پر ایک لاکھ 86 ہزار میٹرک ٹن گندم جاری کرنیکی منظوری

میر پور خاص (رپورٹ محمد ایوب یوسفزئی) محکمہ خوراک سندھ نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

میر پور خاص ڈویژن کو 12 ہزار 500 میٹرک ٹن گندم فراہم کی جائے گی،

گیس میٹر کا تنازع!

بچوں کے باپ نے خودکشی کرلی

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) گیس میٹر کے تنازع پر 4 بچوں کے باپ نے مبینہ خودکشی کرلی، ہم پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے ضلع نوشہرو فیروز میں گیس میٹر کے تنازع پر 4 بچوں کے باپ اکبر کھوسو نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ متوفی کے اہل خانہ نے دعویٰ کیا کہ یہ خودکشی نہیں بلکہ اکبر کھوسو کے گیس میٹر کے ساتھ اپنا میٹر لگانے پر ہوا تھا۔





روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اراضی وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریپر ایڈیٹیز III-B/1-3 فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 roznamatashakur786@gmail.com



SBCA کے آفیسرز کے واچ رکھنے کی واپسی کا فیصلہ



شہادت ڈرامہ پر ڈاکٹر علی کے ردعمل کا معاملہ

این او سی کے اجرا میں مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام، ڈی جی ایس ای اے مرتضیٰ پالیجو اور ایڈیشنل ڈائریکٹر فرحان قیصر بھی ذاتی حیثیت میں طلب، ساعت 12 نومبر تک ملتوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شعبہ ماحولیات سندھ (ایس ای اے) کے 7 افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے ہیں۔ عدالت نے کارروائی کے دوران متعلقہ افسران کی حاضری اور قانونی تقاضوں کو یقینی بنانے کے لیے اہم احکامات جاری کیے۔ جن افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے ہیں، ان میں واٹر اینڈ سینی ٹیشن ڈویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد ریحان، عرفان قریشی، شیخ فہید اور بشیر مگسی شامل ہیں۔ عدالت نے ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی عارف پالیجو اور ایڈیشنل ڈائریکٹر فرحان قیصر کو بھی ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایسٹی کریشن ایسٹ کو ہدایت کی گئی ہے کہ متعلقہ ملزمان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل یقینی بنائی جائے۔ مقدمے کے مطابق شہید ملت روڈ کراچی پر واقع ایک رہائشی پلاٹ کو کمرشل استعمال میں تبدیل کرنے کے لیے این او سی حاصل کیا گیا، اور معاملے میں ایس ای اے کے متعلقہ افسران کے کردار کو زیرِ تفتیش لایا گیا ہے۔ شہری اور ریاستی حلقوں میں زمین کے استعمال کی نوعیت تبدیل کرنے کے معاملہ شہری منصوبہ بندی کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ رہائشی پلاٹس کو کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی اجازت متعلقہ قوانین، ضوابط اور مجاز اداروں کی منظوری سے مشروط ہوتی ہے۔ اسی لیے ایسے معاملات میں این او سی کے اجرا کا قانونی طریقہ کار اور متعلقہ افسران کی ذمہ داری خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید ملت روڈ پر واقع ایک رہائشی پلاٹ کو کمرشل میں تبدیل کرنے کے لیے این او سی کے اجرا میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے میں ایس ای اے (ایس بی اے) کے 7 افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے ہیں۔ عدالت نے کارروائی کے دوران متعلقہ افسران کی حاضری اور قانونی تقاضوں کو یقینی بنانے کے لیے اہم احکامات جاری کیے۔ جن افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے ہیں، ان میں واٹر اینڈ سینی ٹیشن ڈویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد ریحان، عرفان قریشی، شیخ فہید اور بشیر مگسی شامل ہیں۔ عدالت نے ڈائریکٹر جنرل سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی عارف پالیجو اور ایڈیشنل ڈائریکٹر فرحان قیصر کو بھی ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایسٹی کریشن ایسٹ کو ہدایت کی گئی ہے کہ متعلقہ ملزمان کے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل یقینی بنائی جائے۔ مقدمے کے مطابق شہید ملت روڈ کراچی پر واقع ایک رہائشی پلاٹ کو کمرشل استعمال میں تبدیل کرنے کے لیے این او سی حاصل کیا گیا، اور معاملے میں ایس ای اے کے متعلقہ افسران کے کردار کو زیرِ تفتیش لایا گیا ہے۔ شہری اور ریاستی حلقوں میں زمین کے استعمال کی نوعیت تبدیل کرنے کے معاملہ شہری منصوبہ بندی کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ رہائشی پلاٹس کو کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی اجازت متعلقہ قوانین، ضوابط اور مجاز اداروں کی منظوری سے مشروط ہوتی ہے۔ اسی لیے ایسے معاملات میں این او سی کے اجرا کا قانونی طریقہ کار اور متعلقہ افسران کی ذمہ داری خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔

سندھ پولیس کے اسپتالوں کو جدید طبی سہولیات سے آراستہ چار رکنی ایمبولینسز فراہم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شعبہ مواد اینڈ ٹرانسپورٹ کی جانب سے سندھ پولیس کے مختلف اسپتالوں کو چار جدید اور زندگی بچانے والی طبی سہولیات سے آراستہ چار رکنی ایمبولینسز فراہم کی گئی ہیں۔ ان ایمبولینسز کو ایس ایس پی مواد اینڈ ٹرانسپورٹ ڈاکٹر سید عاصر حسین نے باقاعدہ طور پر روانہ کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی موٹر ٹرانسپورٹ اینڈ کمیونیکیشن (ڈی ایس پی) ڈاکٹر عبدالرحمٰن بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی سندھ پولیس موٹر ٹرانسپورٹ اینڈ کمیونیکیشن (ڈی ایس پی) ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے بتایا کہ یہ ایمبولینسز سندھ پولیس کے مختلف اسپتالوں میں تعینات ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں کام کریں گی۔ ان میں ایک ایمبولینس ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ایڈمن کراچی کے سپرد کی گئی ہے، جبکہ باقی تین ایمبولینسز ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ٹریفک کراچی، ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ایسٹ کراچی اور ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ساؤتھ کراچی کے سپرد کی گئی ہیں۔ ان ایمبولینسز میں ایمرجنسی طبی امداد کے جدید آلات، زندگی بچانے والی سہولیات اور دیگر ضروری طبی سامان موجود ہے۔ ڈی ایس پی ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے کہا کہ یہ ایمبولینسز ہنگامی حالات میں فوری طبی امداد کی فراہمی کو یقینی بنائیں گی۔ ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ایڈمن کراچی ڈاکٹر سید عاصر حسین نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی اسی عزم کا حصہ ہے۔ ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز ایسٹ کراچی ڈاکٹر سید عاصر حسین نے کہا کہ ایمبولینسز کی فراہمی سے اسپتالوں میں زخمی اہلکاروں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی، جس سے ان کی جان بچانے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔

سندھ مسلم سوسائٹی فوڈ اسٹریٹ کے سیکیورٹی اور ٹریفک انتظامات سخت کرنے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کی زیرِ صدارت سندھی مسلم سوسائٹی فوڈ واک، اسٹریٹ کے سیکیورٹی اور ٹریفک کنٹرول انتظامات سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں فوڈ اسٹریٹ کو شہریوں کے لیے محفوظ، پُرسکون اور پُرلطف تفریحی مقام بنانے کے لیے جامع نکات طے کیے گئے۔ اجلاس میں ایس ایس پی ضلع ایسٹ، ایس ڈی پی او جمشید، متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز کے نمائندوں، ڈی ایس بی ٹریفک ہیڈ آفس اور ٹریفک وارڈنز نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ فوڈ اسٹریٹ پر روزانہ ہزاروں شہری آتے ہیں، جن کی بڑی تعداد خاندانوں کے ساتھ آتی ہے، اس لیے یہاں ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ فوڈ اسٹریٹ کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ پارکنگ پوائنٹس مختص کیے جائیں گے۔ ٹریفک پولیس ٹرک کے اوقات میں خصوصی نفری تعینات کرے گی تاکہ رکاوٹیں اور فوڈ اسٹریٹ آنے والے شہریوں کو آمدورفت میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ فوڈ اسٹریٹ اور اس کے اطراف ہیجانگ پارکنگ یا ٹینشن پیدا کرنے والے افراد کے خلاف ایشی نگ پوائنٹ کے ذریعے سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ علاقے میں پولیس گشت اور پی سی آر موبائلز کی تعداد بڑھائی جائے گی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ فوڈ اسٹریٹ کے اطراف ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک وارڈنز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں ڈی ایس بی ٹریفک ہیڈ آفس نے شہریوں کو ہدایت کی کہ وہ فوڈ اسٹریٹ جاتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور ٹریفک اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں۔ اجلاس میں ایس ایچ او سندھی مسلم سوسائٹی انسپکٹر محمد ریاض، ایس ایچ او ٹریفک وارڈنز انسپکٹر محمد ارشد

بقیہ روزنامہ تشکر 1

آئی۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ ایک ریلوے ٹرین حادثے اور اس کے بعد ریسکیو آپریشن کے دوران ٹرین کی بوگیوں میں پھنسے ہوئے مسافروں کی مدد کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو ٹرین کے ساتھ ٹکر سے ہلاک ہونے والے 160 افراد کے مشتعل ہجوم کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنائے جانے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ایک بیان میں اتھارٹی نے کہا